RAMPUR STATE GAZETTE

ریاست رامپور گزٹ

بحکم بندگان عالیحضرت حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۲	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۸ جمادی الاول سنہ ۱۳۲۹ھ مطابق ۸ مئی سنہ ۱۹۱۱ع	جلد ۲۳

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	تقرر صاحبزادہ یوسف جمال خان بہادر	۱
۲	اضافہ منشی کشن گوپال و منشی بال گوبند ماشران	۲
۳	اضافہ باوری پرشاد و محمد حسن خان و سیف الدین	″
۴	رخصت بخشی صاحب فوج	″
۵	رخصت اہلمد بندوبست	″
۶	اضافہ اہلمد منشی عدالت دیوانی	″
۷	روبکار بابت طلب ہفتہ وار نقشہ جات مقدمات	″
۸	اضافہ محمد شفیع اہلمد	″
۹	اضافہ و تنزل عہدہ ارشاد علیخان و نذیر حسین بیگ	۳
۱۰	تقرر واحد علی خان .	″

آرڈر پیشگاہ بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

واقع ۱۶ اپریل سنہ ۱۹۱۱ع

صاحبزادہ یوسف جمال خان بہادر فرسٹ لفٹننٹ صاحب فرسٹ بٹالین امپیریل سروس انفنٹری بمشاہرہ تیس روپیہ ۲۴ اپریل سنہ ۱۹۱۱ع سے جمعدار مقرر رہوں —

ملخص احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اضافہ

۲۵ اپریل سنہ ۱۹۱۱ء

حسب رپورٹ صاحب ہوم سکرٹری بہادر منشی کشن گوپال ماسٹر ہائی اسکول کا دس روپیہ ماہوار اضافہ منظور فرمایا گیا۔

۲۵ اپریل سنہ ۱۹۱۱ء

حسب رپورٹ صاحب ہوم سکرٹری بہادر منشی بال گوبند ماسٹر ہائی اسکول کی تنخواہ میں پانچ روپیہ اضافہ منظور فرمایا گیا۔

۲۵ اپریل سنہ ۱۹۱۱ء

حسب رپورٹ بخشی صاحب فوج دو روپیہ اضافہ بابو پرشاد و یک یک روپیہ اضافہ محمد نبی خان و سید فخرالدین کی تنخواہ میں منظور فرمایا گیا۔

رخصت

۳۰ اپریل سنہ ۱۹۱۱ء

رخصت یکماہہ بخشی فوج بوجہ کار خانگی بکار کردگی منشی محمد علیخان نائب بخشی منظور فرمائی گئی۔

ملخص حکم اجلاس صاحب ریونیو سکرٹری بہادر

رخصت

۲۶ اپریل سنہ ۱۹۱۱ء

حسب سفارش صاحب مہتمم بندوبست رخصت دو ماہ منشی فیاض علیخان اہلمد بندوبست بعوض ولایت علیخان منظور کی گئی۔

ملخص حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر

اضافہ

۲۵ اپریل سنہ ۱۹۱۱ء

حسب سفارش مفتی صاحب عدالت دیوانی منشی عبدالجمیل اہلمد پیشی عدالت دیوانی کی تنخواہ میں چار روپیہ ماہوار اضافہ منظور کیا گیا۔

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر

واقع ۲۲ اپریل سنہ ۱۹۱۱ء

بجز عدالتہائے فوجداری پرگنات کے اور کسی عدالت فوجداری سے نقشہ جات ہفتہ وار مقدمات نہیں آتے۔ عدالت اسپشل مجسٹریٹی سے نقشہ مذکور آیا کرتا تھا مگر وہ بھی کچھ عرصہ سے نہیں آتا۔ چونکہ اس بارہ میں سابقاً واضح احکام جاری ہوکر درج گزٹ بھی ہوچکے ہیں۔ لہذا

حکم ہوا کہ

عدالتہائے فوجداری ضلع و اسسٹنٹی درجہ اول و اسپشل مجسٹریٹی سے دریافت کیا جائے کہ نقشہ جات ہفتہ وار حسب منشاء احکام مجریہ کیوں نہیں بھیجے جاتے ایک نقل روبکار درج گزٹ ہوکر نیز آئندہ ہدایت کیجائے کہ بمنشاء روبکار مورخہ ۱۳ نومبر سنہ ۱۸۹۳ء مندرجہ گزٹ نمبر ۴۲ جلد ششم ترتیب و تکمیل نقشہ جات کی کیجایا کرے۔

ملخص حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر

اضافہ

۲ مئی سنہ ۱۹۱۱ء

حسب سفارش مجسٹریٹ صاحب شاہ آباد یک روپیہ اضافہ محمد شفیع اہلمد جوڈیشل تحصیل شاہ آباد کا منظور کیا گیا۔

حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکرٹری بہادر واقع ۲۴ اپریل ۱۹۱۱ء

حبیب الرحمن خان پیشکار دفتر صاحب سپرنٹنڈنٹ کارخانجات بعہدہ نیابت افسر صاحب باورچیخانہ جات مقرر ہوگئے۔ جگہ پیشکاری کی خالی ہے یوم تعیناتی پیشکار مذکور سے بعہدہ نیابت افسر صاحب باورچیخانہ جات کام پیشکاری کا ارشاد علیخان مشاہرہ دار نو روپیہ ماہوار ملازم کتب خانہ اور مرزا نذیر حسین بیگ پیشکار دفتر مذکور مشاہرہ تیرہ روپیہ انجام دیتے ہیں صاحب سپرنٹنڈنٹ کارخانجات کی خواہش ہے کہ ارشاد علیخان کا چھ روپیہ اضافہ اور مرزا نذیر حسین بیگ کا اضافہ سات روپیہ کیا جاوے۔ اور کام پیشکاری انجام دیں۔ ہماری رائے میں چار روپیہ اضافہ ارشاد علیخان اور چار روپیہ اضافہ مرزا نذیر حسین بیگ صاحب مناسب ہے۔ اور کام پیشکاری کا انجام دیں۔

لہذا حکم ہوا کہ

احکام اضافہ حسب ضابطہ جاری ہوں۔ تاریخ امروزہ سے اضافہ دیا جاوے۔ ارشاد علیخان کا نام کتب خانہ سے خارج ہو۔ دفتر صاحب سپرنٹنڈنٹ کارخانہ جات میں درج ہو۔

حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکرٹری بہادر واقع ۲۵ اپریل ۱۹۱۱ء

بملاحظہ ڈی او صاحب چیف سکرٹری بہادر ۱۱ اپریل ۱۹۱۱ء مشمولہ عرضی محمد علیخان کمانڈنگ افسر تھرڈ اسکواڈرن بدین خلاصہ کہ حضور پُرنور کو کمانڈنگ صاحب کی پرورش ملحوظ خاطر ہے براہ مہربانی انکی عرضی پر بلحاظ مناسب فرمایا جائے

حکم ہوا کہ

تقرر پیارے خان ہمشیرہ زادہ رسالدار محمد علیخان بہادر بجائے واحد علیخان متوفی بمشاہرہ بارہ روپیہ جو واحد علیخان پاتا تھا منظور ہے۔ احکام مناسب جاری ہوں۔

مطبع ریاست رامپور میں چیف سکرٹری کے اہتمام سے چھپا